CAREERINDIA

**SET-3**

**Series SGN**

کوڈ نمبر **Code No. 263/3**

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

Roll No. | | | | | | | |

- آپ جانچ لیجیے کہ اس پرچہ میں چھپے صفحات کی تعداد **12** ہے۔
- پرچہ کے داہنی طرف چھپا کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جواب کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد **25** ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح 10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **12** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **25** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

www.careerindia.com

# کاروباری علوم (علمِ تجارت)

# BUSINESS STUDIES

## (Urdu Version)

وقت : ۳ گھنٹے | کل نمبر: ۸۰

*Time allowed : 3 hours* | *Maximum Marks : 80*

CAREERINDIA

## عام ہدایات:

(i) 1 نمبر کے سوال کا جواب ایک لفظ یا ایک فقرہ تک ہوسکتا ہے۔

(ii) 3 نمبروں کے سوال کا جواب 50 سے 75 الفاظ تک ہوسکتا ہے۔

(iii) 4 یا 5 نمبروں کے سوال کا جواب 150 الفاظ تک ہوسکتا ہے۔

(iv) 6 نمبروں کے سوال کا جواب 200 الفاظ تک ہوسکتا ہے۔

(v) ایک سوال کے سبھی حصوں کے جواب ساتھ۔ساتھ لکھیے۔

1۔ پینٹ کی صنعت میں مختلف اقسام کے پینٹوں کی تیاری کے لیے خام مال کو الگ الگ تناسب میں پٹرولیم کے ساتھ ملایا جاتا ہے۔ پینٹ تیار کرنے والی کمپنیوں کو ایک مخصوص خام مال آسانی سے اور پابندی سے دستیاب نہیں ہے۔ بُونلر پینٹس کمپنی کو بھی اس مسئلے کا سامنا ہے اور اسی وجہ سے آرڈر دینے اور مال کو حقیقی شکل میں حاصل کرنے کے درمیان وقت لگتا ہے۔لیکن جب ایک بار خام مال حاصل ہوجاتا ہے تو اِسے تیار مال میں تبدیل کرنے میں کم وقت لگتا ہے۔

اس صنعت کے کاروباری سرمائے کی ضرورت کو متأثر کرنے والے سبب کی پہچان کیجیے۔ 1

2۔ سوربھ نے چاکلیٹ بنانے کا کاروبار شروع کرنے کا فیصلہ کیا۔اُس نے پہلے سال میں سیلز پر 10% منافع کمانے کا نشانہ مقرر کیا۔ایک اچھے کاروباری کی حیثیت سے وہ کاروبار کے مستقبل کے بارے میں جو کہ غیر یقینی تھا فکرمند تھا۔اُس نے معلومات حاصل کیں کہ چاکلیٹ کی مانگ دن بہ دن بڑھ رہی

www.careerindia.com

CAREERINDIA

ہے۔اس معلومات کا استعمال اُس نے مستقبل میں ایک بنیاد کی شکل میں کیا، اور اُس میں اپنی ٹیم کو شریک کیا۔جمع کی گئی معلومات کی بنیاد پر مقاصد کی تکمیل کے لیے اُس نے جدید طریقوں کا پتہ لگانے کی غرض سے آئندہ ہفتے میں ایک میٹنگ کی۔

مینیجمنٹ کے ایک کام کے سلسلہ عمل سے متعلق پہلے دو مرحلوں کی فہرست دیجیے جو سوربھ نے اختیار کیے۔ 1

3۔ منصوبے کی ایک قسم کے طور پر ’طریقہ‘ کا مطلب بتائیے۔ 1

4۔ ’لامرکزیت‘ کی تعریف کیجیے۔ 1

5۔ مچھر بھگانے والے پروڈکٹ کے پیکیج کے لیبل پر ’’ایک خریدیے ایک مفت پائیے‘‘ چھپا ہوا ہے۔ اس بیان کے ذریعے لیبلنگ کے عمل کی وضاحت کیجیے۔ 1

6۔ تحفظِ صارفین بل 1986 کے تحت ڈسٹرکٹ کنزیومر ڈسپیوٹس رڈرسل فورم (ضلعی فورم برائے رفع تنازعات) کا تشکیلی ڈھانچہ بتائیے۔ 1

7۔ ’مارکیٹنگ مینیجمنٹ‘ کے فلسفوں کی سمجھ اہم کیوں ہے۔؟ 1

8۔ کوئی سرمایہ کار 91 دنوں کی مدت کے لیے ₹20,000 ٹریزری بِل میں لگانا چاہتا تھا۔ جب اُس نے ریزرو بینک آف انڈیا سے اس مقصد کے لیے رابطہ کیا تو اسے معلوم ہوا کہ یہ ممکن نہیں تھا۔

سرمایہ کار کے ذریعے ٹریزری بِل میں سرمایہ نہ لگائے جاسکنے کے سبب کی پہچان کیجیے۔ 1



www.careerindia.com

CAREERINDIA

**9۔** کاروبار کے نقطہ نظر سے تحفظِ صارفین کے کنہی دو نکتوں کی مختصراً وضاحت کیجیے۔ 3

**10۔** کسی کمپنی کا رٹرن آن انویسٹمنٹ (ROI) گذشتہ تین سال کے لیے 12% - 10 کے درمیان ہے۔ اُس کی مستقبل کی قائم سرمائے کی ضروریات کو فائنانس کرنے کے لیے قرض حاصل کرنے کے مقصد سے اُس کے پاس مندرجہ ذیل متبادلات ہیں :

متبادل 'A' شرح سُود 9%

متبادل 'B' شرح سُود 13%

متبادل 'A' یا متبادل 'B' میں سے قرض کا کون سا ذریعہ بہتر ہے ؟

یہ بھی بیان کیجیے کہ یہ فیصلہ لینے میں کس تصور سے کام لیا گیا ہے۔ 3

**11۔** روزگار انٹرویو کے بعد اور ملازمت کی پیشکش سے پہلے انتخاب کے عمل کے مرحلوں کو بیان کیجے۔ 3

**12۔** سندھیا 'منی سنس انٹر پرائز' کی ایک کامیاب منیجر ہے۔ اس کے تحت کام کرنے والے 12 افراد کی ایک ٹیم ہے۔ وہ اُنھیں اپنے مقصد کے تعیُّن اور فیصلہ لینے کی تحریک دیتی ہے۔ وہ اُن کے خیالات کا احترام اور اُن کی حمایت کرتی ہے تا کہ وہ اپنے فرائض انجام دے سکیں اور تنظیمی مقاصد کی تکمیل کر سکیں۔ انتظام کی دیکھ بھال کرنے اور کنٹرول کو بروئے کار لانے کے لیے وہ گروپ کے اندر کی طاقتوں کا استعمال کرتی ہے۔

ایک ذہین منیجر کے طور پر بعض اوقات وہ غیر رسمی ترسیل کے مثبت پہلوؤں کو کام میں لاتی ہے۔ اس طرح وہ متنوع مفادات کو یکجا کر پاتی ہے اور یہ یقینی بناتی ہے کہ اہداف پورے ہو جائیں۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA

(a) لوگوں کے رویّے کو متاثر کرنے کے لیے کئی اصول اور اسالیب ہیں۔ سندھیا نے اختیار پر مبنی جو طریقہ یا اسلوب استعمال کیا اُس کی نشاندہی کیجیے۔

(b) مندرجہ بالا دو مثبت پہلو بیان کیجیے جن کا استعمال سندھیا ایک ذہین منیجر کی حیثیت سے کر رہی ہے۔ 3

**13۔** (i) آغاز (ii) اختیار اور (iii) ترسیل کے بہاؤ کی بنیاد پر رسمی اور غیر رسمی تنظیم میں امتیاز کیجیے۔ 3

**14۔** مینیجمنٹ کے انضباطی عمل کی اہمیت کے کنہی چار نکات کی وضاحت کیجیے۔ 4

**15۔** اسپتالوں کے معروف سلسلے ''گڈ کیئر ہاسپٹلز'' کے سی۔ای۔او۔ رام مورتی نے اپنی تنظیم کے ڈاکٹروں کو اچھے کام کے لیے انعام دینے کا فیصلہ کیا۔ اُس کے لیے اُنہوں نے دو رَنِنگ ٹرافیاں قائم کیں۔ ایک ان ڈاکٹروں کی انتھک محنت کے اعتراف اور ستائش کے لیے جو مریضوں کی بے لوث خدمت کرتے ہیں 'ہیلتھ کیئر اچیورز ٹرافی' اور دوسری نوزائیدہ بچیوں کی زندگی بچانے میں ڈاکٹروں کے غیر معمولی کام کے اعتراف میں 'بیٹی بچاؤ' ٹرافی۔

سی ای او ملک بھر کے دیہی علاقوں میں خدماتِ صحت کو بہتر بنانا بھی چاہتے تھے۔ اُنہوں نے فیصلہ کیا کہ تمام ڈاکٹروں کو دیہی علاقوں میں کم از کم چھ مہینے کے لیے لازماً خدمت انجام دینی چاہیے۔ ساتھ ہی اُنہوں نے یہ بھی طے کیا کہ مقامی طور پر نیم طبّی عملے کی تقرری کی جائے:

www.careerindia.com

CAREERINDIA

(a) 'گڈ کیئر ہاسپٹلز' نے رننگ ٹرافیوں کے ذریعے اپنے ڈاکٹروں کو جو ٹرافیاں دیں اُس کی پہچان کیجیے۔

(b) پارٹ 'a' میں شناخت کردہ ترغیب (incentive) کے ذریعے ڈاکٹروں کی کونسی ضرورت پوری ہوگی، بیان کیجیے۔

(c) ایسی کوئی دو قدریں بتائیے جن کا پیغام 'گڈ کیئر ہاسپٹلز' کے سی ای او معاشرہ تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ 4

16۔ سُمیت نے ٹی جی الکٹرونکس لمٹیڈ سے مشہور برانڈ ایم جی (MG) کی آئی ایس آئی مارکہ والی واشنگ مشین خریدی۔ دکاندار نے مشین لگانے کے لیے دو دن انتظار کرنے کے لیے کہا۔ اُس کے دوست وِویک کو نئے الکٹرونک سامانوں کا تجربہ کرنے کا بہت شوق تھا۔ اُس نے سُمیت پر دباؤ ڈالا کہ مشین لگانے کے لیے کمپنی کے نمائندے کی کوئی ضرورت نہیں ہے اور یہ کہ وہ مشین لگا سکتا ہے۔ تو اُن دونوں نے تیار کنندہ کی ہدایت پر عمل کیے بغیر مشین لگا لی۔ شروع میں تو مشین نے کام کیا اور دُھلائی بھی اچھی تھی۔ لیکن دو دن کے بعد واش سائیکل کے درمیان رکنے لگی۔ سُمیت اور وِویک نے ہر ممکن کوشش کر لی لیکن ناکام رہے۔ سُمیت نے ٹی جی الکٹرونکس لمٹیڈ سے رابطہ کیا جس نے یہ عذر پیش کرتے ہوئے کہ مشین کمپنی سے نہیں لگوائی گئی تھی وہ کوئی خدمت فراہم نہیں کریں گے۔

(a) اُس ذمہ داری کا بیان کیجیے جو سُمیت کو ایک باخبر صارف کی حیثیت سے کمپنی کی خدمات حاصل کرنے کے لیے پوری کرنی چاہیے تھی۔



www.careerindia.com

(b) کنہی دو حقوق کی مختصراً وضاحت کیجیے جن کا استعمال سُمیت پارٹ (a) میں شناخت کردہ ذمہ داری پوری کر لینے پر کرتا ۔ 4

17۔ سکیورٹیز اینڈ اکسچینج بورڈ آف انڈیا کے تحفظی کاموں (protective functions) کو بیان کیجیے۔ 4

18۔ ارادھنا اور گندھاروا 'یمکو لمٹیڈ' میں دو الگ الگ شعبوں کے سربراہ ہیں۔ وہ قابل منیجر ہیں اور کارکردگی کو بہتر بنانے میں اپنے متعلقہ شعبوں کے ملازمین کو ترغیب دلانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ تاہم کمپنی کے مقاصد پر زور دینے کے بجائے خود اپنی سرگرمی کے میدان میں آگے بڑھنے کے جذبے نے ان شعبوں کے درمیان تعامل میں رکاوٹ ڈالی ہے جن کی سربراہی ارادھنا اور گندھاروا کر رہے ہیں۔ اکثر یہیں شعبہ جاتی ٹکراؤ کے واقعات ہوتے ہیں۔ اور وہ ناموافق ہو گئے ہیں۔ یہ بات تنظیمی مقاصد کی تکمیل میں نقصان دہ ثابت ہوئی ہے۔ صورتِ حال اس حد تک خراب ہو گئی کہ 'یمکو لمٹیڈ' کے سی ای او نے ایک صلاح کار رشمی کی خدمات مسئلے کو حل کرنے کے لیے حاصل کی ہیں ۔ صورتِ حال کا قریب سے مطالعہ کرنے کے بعد رشمی کو معلوم ہوا کہ مسئلہ ارادھنا اور گندھاروا دونوں کی غیر لچکداری اور محدود تناظر کی وجہ سے پیدا ہوا ہے۔ اُس کا خیال ہے کہ اُس تنظیمی ڈھانچے کی وجہ سے ہوا جو 'یمکو لمٹیڈ' نے اختیار کیا ہے۔

مندرجہ بالا معلومات سے 'یمکو لمٹیڈ' کے تنظیمی ڈھانچے کی پہچان کیجیے اور اس طرح شناخت کیے گئے ڈھانچے کے کوئی تین فائدے بتائیے۔ 4

CAREERINDIA

19۔ 2015 میں نوین نے ممبئی میں اپنی عیش وآرام کی زندگی چھوڑ دی جہاں وہ بلیو برڈ لمٹیڈ میں منیجر کی حیثیت سے کام کرتا تھا ۔ وہ بیگم پور، چھتیس گڑھ منتقل ہو گیا تا کہ اپنی 25 ایکڑ موروثی آراضی کو زرخیز فارم میں تبدیل کرنے کا اپنی دادی کا خواب پورا کر سکے، اس کے لیے اس نے مخصوص اہداف مقرر کیے اور ان اہداف کو حاصل کرنے کی تیاری کے لیے سرگرمیاں بھی شروع کیں۔ ہر سرگرمی ایک چیلنج تھی کیونکہ کاشتکاری سے وہ بالکل ناواقف تھا۔ زمین کی بھرائی سے لے کر صحیح بونے تک اُس نے ہر سرگرمی سیکھی۔ کاشتکاروں کی مدد کے لیے خود اپنی کمپنی 'اِنو ویٹیو ا یگری کلچر سولیوشنز پرائیویٹ لمٹیڈ' کی شروعات کی۔

شروع میں تو بہت مشکل پیش آئی کیونکہ ایک شہری نوجوان پر کسی کو بھروسہ نہیں تھا کہ وہ کاشتکاروں کو کھیتی کرنا سکھائے گا۔ لیکن جب تمام باتوں پر تفصیل سے بات چیت ہوئی تو کسان اس کی باتوں میں دلچسپی لینے لگے۔ وہ یہ یقینی بنانا چاہتا تھا کہ آئندہ واقعات مؤثر طور پر کمپنی کے لیے سب سے زیادہ مفید ہوں ۔ سیلز کی آمدنی سے اُس نے پروڈکشن اور سیلز کا ایک سالانہ منصوبہ تیار کیا۔

اُس نے یہ بھی دیکھا کہ کسان صرف دھان اُگاتے تھے جو بس 4 - 3 مہینے کی سرگرمی تھی اور زمین سال کے باقی 9 - 8 مہینے خالی پڑی رہتی تھی۔ اُس نے نہ صرف مختلف متبادلات کی نشاندہی کی بلکہ اُن کا جائزہ بھی لیا جس کے ذریعے کھیتوں کو باقی مہینوں میں استعمال کیا جا سکے۔ صحیح دور اندیشی اور منطق



www.careerindia.com

اور منظم سوچ کے ذریعے جو تمام حقائق کے تجزیے پر مبنی تھی تمام متبادلات کی چھان بین کی گئی اور جائزہ انجام دیا گیا۔ اُس نے کسانوں کے سامنے ایک منصوبہ پیش کیا جس میں دھان کی فصل کی کٹائی کے بعد سبزیاں اُگائی جاسکتی ہیں۔

مذکورہ بالا معاملے سے مینیجمنٹ کے کاموں میں سے ایک کی خصوصیات پر روشنی پڑتی ہے۔

مذکورہ بیان میں سے سطروں کو نقل کرتے ہوئے ان خصوصیات کی نشاندہی اور وضاحت کیجیے۔ 4

20۔ اشوک 'الوویرا' (Aloevera) فارم شروع کرنے سے متعلق ضرورت معلومات اور مہارتیں حاصل کرنے کے بعد دنیا بھر میں الوویرا مصنوعات کا سب سے بڑا مینوفیکچرر بننا چاہتا تھا۔ اُس نے مشاہدہ کیا کہ پروڈکٹس مہنگی ہوتی ہیں اور اُن کی مانگ سپلائی مقابلے میں زیادہ ہے۔ اُسے ایسے طریقوں اور تجربوں کو بھی فروغ دینے کا شوق تھا جو اقتصادی طور پر عمل میں لائے جاسکتے ہوں، ماحولیاتی اعتبار سے مؤثر ہوں اور اُس کے ساتھ ہی عوام کی صحت کا تحفظ بھی کریں۔
اشوک کی اصل فکر اُس رقم کے بارے میں تھی جو صارف الوویرا پروڈکٹ کی قیمت کے طور پر ادا کرے گا۔ وہ یہ بھی سوچتا تھا کہ اس کے لیے مسابقت کاروں کی قیمتوں اور اُن کے متوقع ردِعمل کا بھی لحاظ رکھنا چاہیے۔

معلومات جمع کرنے اور اُن کا تجزیہ کرنے کے بعد اُسے معلوم ہوا کہ صارفین کسی پروڈکٹ کی قدر کا موازنہ پیسے کی قدر سے کرتے ہیں جس کی ادائیگی اُنھیں کرنی پڑتی ہے۔ صارفین کوئی پروڈکٹ خریدنے کے لیے اُسی وقت تیار ہوں گے جب وہ یہ سمجھ لیں گے کہ پروڈکٹ کی قدر کم از کم اُس پیسے کی قدر کے برابر ہے جو وہ ادا کریں گے۔

CAREERINDIA

چونکہ وہ ایک نئے بازار میں داخل ہو رہا تھا اس لیے اُسے محسوس ہوا کہ وہ شاید تمام لاگتوں کو پورا نہ کر سکے۔ وہ جانتا تھا کہ جب تک کمترین منافع کے علاوہ تمام لاگتوں کو پورا نہ کرلیا جائے کاروبار کو زندہ رکھنا ممکن نہ ہوگا۔

اُس نے مسابقت کاروں کے پروڈکٹس کے معیار اور اُن کی خصوصیات کی چھان بین کی اور صارفین کے متوقع ردِعمل کا پتہ لگایا ۔ ان باتوں کے پیشِ نظر اُس نے پیکیجنگ میں بعض منفرد خصوصیات کے اضافے کا فیصلہ کیا اور یہ بھی کہ پروڈکٹس کی مفت حوالگی گھروں پر کی جائے۔

مندرجہ بالا معاملے کا تعلق ایک تصور سے ہے جسے مؤثر مسابقتی مارکیٹنگ حکمتِ عملی کہا جاتا ہے۔ مکمل مسابقت کے حالات میں زیادہ تر کمپنیاں سامانوں اور خدمات کی مارکیٹنگ میں ایک دوسرے سے مسابقت کرتی ہیں۔

(a) اس تصور کی پہچان کریں۔

(b) اس طرح شناخت کردہ تصور سے متعلق مندرجہ بالا معاملے میں زیرِ بحث لائے گئے کنہی چار اسباب کی مختصراً وضاحت کریں۔ 5

**21**۔ 'کوآرڈی نینس' کا کیا مطلب ہے ؟ اس کی کوئی چار خصوصیات بیان کیجیے۔ 5

**22**۔ 'کونارک لمٹیڈ' الکٹرونی سامان تیار کرنے والی کمپنی ہے جو شیو پوری مدھیہ پردیش میں واقع ہے۔ وہ اپنی مسابقت کار الکٹرونی سامان بنانے والی کمپنی کے مقابلے میں بہت کم منافع کاری ہے۔ نووا لمٹیڈ ممبئی میں واقع ہے۔ کونارک اور نووا دونوں کے اعمال براہِ راست سرمایہ کاروں، صارفین،

www.careerindia.com

CAREERINDIA

مسابقت کاروں اور فراہم کاروں سے متاثر ہوتے ہیں جو اپنے متعلقہ ٹھکانوں سے مخصوص ہیں۔ اس کے علاوہ اس میدان کی کمپنیاں معیشت میں زر کی فراہمی، خاندانوں کی ترکیب، ٹیکنولوجی میں تبدیلیوں جیسے اسباب سے بالواسطہ متاثر ہوتی ہیں۔

(a) مندرجہ بالا پیراگراف میں جس تصور پر بحث کی گئی ہے اُس کی پہچان کر کے اُس کی خصوصیات بیان کیجیے۔

(b) اُس تصور کی اہمیت کے چار نکات بھی بیان کیجیے۔ 5

**23۔** 'موگا انڈسٹریز لمٹیڈ' نے مدورائی شہر کی ایک معروف یونیورسٹی سے مختلف تیکنکی اور ماہرانہ ملازمتوں پر کارکنان کی تقرری کے لیے رابطہ کیا۔ اُنھوں نے تنظیم کے اندر مختلف خالی جگہوں پر، تانیا، ریتو، گرِما اور چیتن کا انتخاب کیا۔

انتخاب اور تقرری کے بعد 'موگا انڈسٹریز لمٹیڈ' نے محسوس کیا کہ ملازمین کو اُن کی ذمہ داریوں کی بہتر ادائیگی کے قابل بنانے کے لیے اُن کی مہارتوں میں اضافے اور اُن میں مثبت رجحانات پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ کمپنی کو یہ محسوس ہوا کہ نئی مہارتیں سیکھنے سے ملازمین کی کارکردگی بہتر ہوگی۔ اس لیے کمپنی نے اس کارروائی کا فیصلہ کیا۔

(a) عملہ کاری کے اس مرحلے کا نام بتائیں جس کے بارے میں کمپنی نے کارروائی کرنے کا فیصلہ کیا۔

(b) اس اقدام سے 'موگا انڈسٹریز لمٹیڈ' کے پہنچنے والے فوائد بیان کیجیے۔ 6

www.careerindia.com

CAREERINDIA

24۔ کسی تنظیم کی قائم سرمائے کی ضروریات کو متأثر کرنے والے کنہی چار اسباب کی مختصراً وضاحت کیجیے۔ 6

25۔ کرن ناتھ نے تین ماہ پہلے اپنے بیمار باپ سے ڈی 'نارتھ موٹر کمپنی' کو اپنے ہاتھ میں لیا۔ ماضی میں کمپنی کی کارکردگی اچھی نہیں تھی۔ کرن نے کمپنی کی کارکردگی کو بہتر بنانے کا تہیہ کرلیا تھا۔ اُس نے یہ مشاہدہ کیا کہ پروڈکشن کے طریقے اور فیکٹری میں ملازمین کا انتخاب سائنٹفک نہیں تھے۔

وہ سمجھتا تھا کہ کارکردگی کو زیادہ سے زیادہ کرنے کے لیے ایک ہی 'بہترین طریقہ' ہوتا ہے۔ وہ یہ بھی محسوس کرتا تھا کہ ایک بار طریقہ بن جائے تو اُس بہترین طریقے کو سیکھنے کی تربیت کمپنی کے کارکنان کو دی جانی چاہیے۔

اُس نے پروڈکشن مینیجر سے بہترین طریقہ وضع کرنے اور ضروری تربیت دینے کے لیے کہا، پروڈکشن مینیجر نے کاموں کی تربیت، افراد، مشینوں اور خام مال کی جگہ سے لے کر گاہکوں کو پروڈکٹ کی حوالگی تک کے مختلف پیرا میٹروں کو کام میں لاتے ہوئے یہ طریقہ تیار کیا۔ یہ طریقہ پوری تنظیم میں نافذ کیا گیا۔ اس سے پیداوار بڑھانے، معیار کو بہتر بنانے، لاگت اور ویسٹیج گھٹانے میں مدد ملی۔

سائنٹفک مینجمنٹ کے ان اصولوں اور تیکنکوں کی شناخت اور وضاحت کیجیے جن پر مندرجہ بالا معاملے میں پروڈکشن مینیجر نے عمل کیا۔ 6

www.careerindia.com